# سماعت کی جانچ

## زبانی سرگرمی:

۱۔ سارا گاؤں بڑھیا کو کس نام سے جانتا تھا؟


۲۔ مُرغی کا انڈا کیسا تھا؟

۳۔ بُڑھیا کے جی میں کیا خیال آیا؟

۴۔ بُڑھیا نے کیا کِیا؟

۵۔ بُڑھیا نے اپنا سر کیوں پیٹ لیا؟

۶۔ بُڑھیا کی لالچ کا انجام کیا ہوا؟



## عملی سرگرمی:

۱۔ 'لالچی کتّا' کہانی تلاش کر کے پڑھو۔

۲۔ اس کہانی کو اپنے لفظوں میں سناؤ۔

## تعلیمی صندوق کا استعمال:

کتّا پُل سے گُزرتا ہوا

**اساتذہ کے لیے ہدایت:**

استاد یہ کہانی یا کوئی دوسری آسان سی کہانی سنائے۔ کہانی سناتے وقت آواز کے مناسب اُتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کی مناسب حرکات کا خیال رکھے۔ چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھ کر جانچ کرے کہ طلبہ نے سمجھ کر سنا ہے۔ اس کے بعد یہی کہانی دوبارہ طلبہ سنائیں۔

T8KUHC